قائداعظم ٹرافی فرسٹ الیون ٹورنامنٹ کے چھٹے راؤنڈ کا پہلا روز مکمل

- سدرن پنجاب کے اوپنرز سمیع اسلم اور عمر صدیق کی سنچریاں
- ناردرن کے اسپنر نعمان علی کے ایک اننگز میں 8 شکار
- خیبرپختونخوا کے کپتان صاحبزادہ فرحان کی نصف سنچری

لاہور،4نومبر2019ء:

بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ میں سدرن پنجاب نے بلوچستان کے خلاف 1 وکٹ کے نقصان پر 296 رنز بنالیے ہیں۔ بلوچستان کے کپتان عمران فرحت نے ٹاس کیے بغیر پہلے باؤلنگ کرنے کا اعلان کیا جو مؤثر ثابت نہ ہوسکا۔ سمیع اسلم اور عمر صدیق پر مشتمل سدرن پنجاب کی اوپننگ جوڑی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں بلے بازوں کے درمیان 283 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ سمیع اسلم نے 255 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 14 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 149 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔ عمر صدیق 14 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 130 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ صہیب مقصود 7 کے انفرادی اسکور سے سمیع اسلم کے ہمراہ کھیل کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

دوسری جانب اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں ناردرن نے 1 وکٹ کے نقصان پر 47 رنز بنالیے ہیں۔ ناردرن کے اسپنر نعمان علی کی تباہ کن باؤلنگ کے سامنے سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں226 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب کے کپتان احمد شہزاد نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ 61 رنز پر سنٹرل پنجاب کی ابتدائی 2وکٹیں گرنے کے بعد کپتان احمد شہزاد اور عمر اکمل کے درمیان 94 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔احمد شہزاد 55 اور عمر اکمل 52 رنز بناکر ٹاپ اسکورر رہے۔ دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہوتےہی ناردرن کے اسپنر نعمان علی کی نپی تلی باؤلنگ کے سامنے سنٹرل پنجاب کی بیٹنگ لائن اپ لڑکھڑا گئی اور70ویں اوور میں 226 رنزبنا کر آؤٹ ہوگئی۔ نعمان علی نے 71 رنز کے عوض 8 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ جواب میں ناردرن کی پہلی وکٹ 14 رنز پر گر گئی۔ حیدر علی 12 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ دن

کے اختتام پر عمر امین 19 اور ذیشان ملک 13 کے انفرادی اسکور سے کھیل کے دوسرے دن کا آغاز کریں گے۔

ادھر ایبٹ آبادکرکٹ اسٹیڈیم میں خیبرپختونخوا نے سندھ کے خلاف پہلی اننگز میں کپتان صاحبزادہ فرحان کی نصف سنچری کی بدولت6 وکٹوں کے نقصان پر 225 رنز بنالیے ہیں۔ اس سے قبل سندھ کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس کئے بغیر پہلے باؤلنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔خیبرپختونخوا کی پہلی وکٹ 54کے مجموعی اسکور پر اس وقت گری جب اسرار اللہ 36 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ اشفاق احمد اور عادل امین کے جلد آؤٹ ہونے کے بعد اوپنر صاحبزادہ فرحان نے ذوہیب خان کے ہمراہ چوتھی وکٹ کےلیے 78 رنز جوڑے۔ کپتان صاحبزادہ فرحان 88 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ ان کی اننگز میں 13 چوکے شامل تھے۔ دن کے اختتام پر ریحان آفریدی 33 اور ساجد خان 17 رنز بنا کر کریز پر موجود ہیں۔ سندھ کی جانب سےفاسٹ باؤلر سہیل خان 2 وکٹیں حاصل کرچکے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk